امرناتھ پروڈکشنز کا کامیاب کارنامہ

افشاں

अफ़शाँ

قیمت ایک آنہ

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :- نمی آشا ماتھر پران سبجے کمار وغیرہ

خلاصہ

الف لیلیٰ کی کہانی اتنے برس گزرنے زمانے کے واقعات یاد دلاتی ہے کردار خیال بھی اتنے پیچھے لوٹنے سے گریز کر جاتے ہیں۔ اگر گہری نظروں سے دیکھا جائے تو کوئی واقعہ پرانا نہیں ہوتا کوئی قصہ کوئی کہانی ایسی نہیں ہے جو آج بھی اپنی پوری خوبیوں اور برائیوں کے ساتھ نسل انسانی میں رونما ہوتی ہو۔

پیدا ہونے کے بعد انسان صرف انسان ہوتا ہے۔ ماحول اسکے الگ الگ نام رکھ لیتا ہے۔

(آگے پردہ پر دیکھیں)

گانے

نمبر ۱۔ میرے نغموں پران مستانہ آنکھوں کی کہانی ہے
محبت ہی محبت ہے جوانی ہی جوانی ہے۔
کسی کے نازنین جلوے میرے دل پہ چھائے ہیں
وہ میری آرزو بنکر میرے دل میں سمائے ہیں۔!!

مجھے اب اُن کے دل میں آرزو اُن کی جگانی ہے
محبت ہی محبت ہے......

محبت میری دنیا ہے محبت شاعری میری
محبت میرا نغمہ ہے محبت زندگی میری
محبت کے سہارے اِک نئی دنیا بسالی ہے
محبت ہی محبت ہے.........

چلا ہوں لیکے اس محفل میں اپنے دل کا نذرانہ
میری ہستی ہے ان کے پیار کا رنگین افسانہ
نگاہیں چار کر کے آج قسمت آزمائی ہے
محبت ہی محبت ہے.......

نمبر ۲

کیا رات سہانی ہے - آج زمانے کی ہر شے پہ جوانی ہے
انمول نشانی ہے تو میری الفت کے خوابوں کی نشانی ہے
کچھ کہدو نگاہوں میں آج سمٹا دو ترستی ہوئی باہوں میں
حسرت ہے نگاہوں میں دور کہیں چلدوں چھپکر تری نگاہوں میں
تقدیر سنبھل جائے گر، میرے سینے پہ زلف مچل جائے
یہ رات نہ ڈھل جائے - صبح کے تارے کی نیت نہ بدل جائے

الف لیلےٰ

نمبر ۳

دلوں کے شکار کو کٹار لیے ہے آئی

آنکھوں میں حسن کا خمار لیکے آئی

آنکھ ملانا ذرا دیکھ بھال کے۔ میرے پاس آنا دل سنبھال کے

بانکی تصویر ہوں میں، انجھی زنجیر ہوں میں، بچنا جی تیر ہوں میں

ہاتھ بڑھاؤ گے تو لٹ ہی جاؤ گے

آکے میری راہ پہ نہ پاؤ گے۔

بانکی تصویر ہوں میں، انجھی زنجیر ہوں میں، بچنا جی تیر ہوں میں

دلوں کے شکار کو کٹار لیے ہے آئی۔ آنکھوں میں ...

نمبر ۴

بہار آئی، کھلی کلیاں، ہنسنے تارے چلے آؤ

ہمیں جینے نہیں دیتے یہ نظارے چلے آؤ

بہار آئی ....

زباں پر آہ بن بن کر تمہارا نام آتا ہے

محبت میں تمہیں جیتے ہمیں ہارے چلے آؤ

کہیں ایسا نہ ہو دل کی لگی دل ہی کو لے ڈوبے

بجھا ئے سے نہیں بجھتے یہ انگارے چلے آؤ

ہمیں جینے نہیں دیتے یہ نظارے...

نمبر ۵ ـــــــ ڈانس کورس

راتیں پیار کی بیت جائیں گی۔ یہ بہاریں پھر نہ آئیں گی۔
تلالا ہا یا ہو۔ تلالا ہا یا ہو۔ تلالا ہا یا ہو
دل کا دامن بھر کے دیکھ لے۔ یہ گناہ بھی کر کے دیکھ لے
رُت امنگ بھری دن سہانے کھو نہ جائیں کہیں یہ زمانے راتیں...
تلالا ہا یا ہو۔ تلالا ہا یا ہو۔ تلالا ہا یا ہو
کل جو ہو سو حساب تو جھوم لے، بادلوں میں چاند کے چوم لے
رُت امنگ بھری دن سہانے۔ کھو نہ جائیں...

نمبر ۶

خاموش کیوں ہو تاروں ذرا بیٹھ کے سہارو۔ تم ہی انھیں بجھاؤ تم ہی انھیں پکارو
ویران دل کی دھڑکن آواز دے رہی ہے
تم سامنے تو آؤ پردہ نہیں بہارو
سینے پہ مری دعائیں کیا تم کو کھینچ لائیں
میرے قریب آ کر اک بار پھر پکارو
بےچین آرزوئیں کب سے ترس رہی ہیں
تم دور کیوں رہو الفت کی یادگارو

نمبر ۷ دل کو درد بنانے والے تیری دُور بلائیں!
سُن پائے تو سُنتا جا میری بے آواز صدائیں
تجھ کو بُلانا میرے بس میں نہیں ہے۔ تجھکو بُلانا ۔ ۔ ۔ ۔
دور دور تیرے بیکو میں بس کے غم لے کئے ہیں لاکھوں برس کے
گذرا زمانہ میرے بس میں نہیں ہے۔ تجھکو بُلانا ۔ ۔ ۔ ۔

تیری خوشی تو غم دیتا جا یہ بیکل کئے جا ۔!
لیکن اس تقدیر کے مارے دل کو ساتھ لیے جا
آنکھوں میں آنسو ہونٹوں پہ دم ہے۔ تیرا بھی غم ہے اپنا بھی غم ہے
بگڑی بنانا میرے بس میں نہیں۔ تجھکو بُلانا میرے بس میں نہیں

نمبر ۸ ۔ بے بسی یہ میرا حال ۔ ۔ ۔ ۔ دیکھ تو لے ۔!
کھڑا ہوں دیر سے اُمیدوار ۔ دیکھ تو لے!
خزاں نے لوٹ لیا دل کی آرزو کا چمن
کہاں ہے میری کھوئی بہار دیکھ تو لے۔ کھڑا ہوں ۔ ۔
لبی رہے تیرے محلوں کی چار دیواری۔ سنا سکے تو نہ آ اکبار دیکھ تو لے
کھڑا ہوں دیر سے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
سحر کبیر ہے اور شمع بجھنے والی ہے۔ تڑپ رہا ہے ترا بیقرار دیکھ تو لے
کھڑا ہوں دیر سے ۔ ۔ ۔ ۔ تمت!

سینما سنگیت

جسکے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۵۰ سے بھی زیادہ
دلکش گانے درج کیے ہیں جنہیں ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے
چنا ہے۔ جن کو کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ ممتاز شانتی۔ ریحانہ۔
دیویکا رانی۔ کانن بالا۔ ستارا۔ ادا۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔
یعقوب۔ موتی لعل۔ چندر موہن۔ پرتھوی راج۔ کرن دیوان۔
پریم ادیب۔ سہگل وغیرہ وغیرہ سینکڑوں مشہور ستاروں نے گایا ہے
جنکو ایکبار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور
اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کے
لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپکو فلمی گانوں کا ذرا بھی شوق ہے
تو آج ہی ہماری اس نایاب کتاب کو منگائیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ
یقیناً اس کتاب کو دیکھکر تڑپ جائیں گے۔

قیمت معہ محصولڈاک -/2 ملنے کا پتہ:۔

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(جگدیش پریس دہلی)